تنظیمِ اسلامی مرکزی شعبہ نشرواشاعت

K/36 ماڈل ٹاؤن لاہور-فون 3-042-35869501 - 042-35856304 فیکس 042-35834000

E-mail: media@tanzeem.org, Website:www.tanzeem.org


تنظیم اسلامی

01-نومبر 2019ء

# پریس ریلیز

## ریل کے حادثات میں انسانی جانوں کا ضیاع محکمہ اور حکومت کی ناکامی کا بھرپور ثبوت ہے۔

لاہور (پ ر) یہ بات امیر تنظیم اسلامی حافظ عاکف سعید نے ایک بیان میں کہی۔ اُنھوں نے کہا کہ وزیر اعظم عمران خان جب اپوزیشن میں تھے تو وہ حکومت کو یہ لیکچر دیا کرتے تھے کہ یورپ میں اگر کوئی حادثہ رونما ہو جائے تو محکمہ کا انچارج یا وزیر فوری طور پر مستعفی ہو جاتا ہے چاہے اس حادثے سے وزیر کا براہِ راست کوئی تعلق نہ بھی ہو۔ اُنھوں نے کہا کہ عوام ریلوے کے وزیر شیخ رشید کے استعفیٰ کا بے قراری سے انتظار کر رہے ہیں۔ اُنھوں نے کہا کہ گذشتہ ایک سال میں ریلوے کے متعدد حادثات ہو چکے ہیں جن میں قیمتی جانوں کا ضیاع ہوا ہے لیکن شیخ رشید ٹس سے مس نہیں ہوئے۔ اُنھوں نے کہا کہ اگر شیخ رشید مستعفی نہیں ہوتے تو وزیر اعظم اُنھیں برطرف کر دیں۔ اُنھوں نے کہا کہ اس حادثے میں زندگی سے ہاتھ دھونے والے مسافروں میں اکثریت اُن لوگوں کی تھی جو تبلیغی اجتماع میں شرکت کرنے کے لیے گھر سے نکلے تھے وہ چونکہ اللہ کی راہ میں نکلے تھے لہٰذا ان کی شہادت، شہادت فی سبیل اللہ ہے۔ اللہ جنت میں اُن کے درجات بلند کرے اور اُن کے ورثاء کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ (آمین!) اُنھوں نے کہا کہ مسافروں کو بھی احتیاط سے کام لینا چاہیے اور سفر کے دوران آگ جلانے سے اجتناب کرنا چاہیے۔

بھارت کے اس فیصلے پر کہ وہ مقبوضہ کشمیر کو دو یونین ٹیراٹیریز میں مستقلاً تقسیم کر دے گا کی شدید مذمت کرتے ہوئے اُنھوں نے کہا کہ بھارت مقبوضہ کشمیر یعنی جموں، وادی اور لداخ کے حوالے سے اپنے غیر انسانی اور غیر قانونی قوانین کو دوام بخشنا چاہتا ہے لیکن عالمی ضمیر حسبِ معمول سویا ہوا ہے۔ کشمیر کی اس ناجائز اور غیر قانونی تقسیم پر پاکستان اور چین نے اقوام متحدہ میں درست ردّعمل ظاہر کیا ہے کہ یہ تقسیم ناقابل قبول ہے۔ اُنھوں نے مزید کہا کہ مودی کی دعوت پر یورپی یونین کے چند مسلم اور اسلام دشمن MPs کی مقبوضہ کشمیر میں آمد پر بھارتی اخبار خود یہ تبصرہ کر رہے ہیں کہ مودی حکومت نے یورپی یونین کے انتہا پسند MPs کو مقبوضہ کشمیر میں آنے کی دعوت دے کر ثابت کر دیا ہے کہ بھارت مقبوضہ کشمیر میں جاری ظلم وستم کو چھپانے کی کوشش کر رہا ہے جس میں وہ بُری طرح ناکام ہو رہا ہے۔ اُنھوں نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر کی آزادی کے لیے کشمیریوں اور پاکستان کو ابھی بہت کچھ کرنے کی ضرورت ہے۔ پاکستان اپنے داخلی مسائل حل کرے تا کہ یکسوئی کے ساتھ کشمیریوں کی جدوجہد آزادی میں اپنا حصہ ڈال سکے۔


ایوب بیگ مرزا

(ایوب بیگ مرزا)

ناظم نشرواشاعت تنظیم اسلامی

0321-4893436


جاری کردہ

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE: 01 Nov 2019**

**The colossal loss of life in railway mishaps is a manifest proof of the failure of the ministry and the government.**

**(Hafiz Aakif Saeed)**

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Hafiz Aakif Saeed**, in a statement. The Ameer noted that when Prime Minister Imran Khan had not come to power yet and was in the opposition, he used to give lectures on the subject that in Europe if any mishap occurs in the public sector, the minister or the person in charge of the responsible department immediately resigns even if the incumbent of the post is not directly liable for the tragedy.The Ameer added that the people of Pakistan are anxiously waiting for the resignation of the Federal Minister for Railways, Sheikh Rasheed Ahmad. The Ameer remarked that dozens of train accidents have occurred during the last year or so in which there has been a massive loss of innocent lives, yet Sheikh Rasheed has not taken any responsibility for this failure of epic proportions. He asserted that if the Federal Minister for Railways, Sheikh Rasheed Ahmad, does not resign from the position himself then the Prime Minister ought to sack him. The Ameer said that a majority of the people who lost their lives in the Rahim Yar Khan Train tragedy were on their way to attend a*Tableegi Ijtimah* (Religious Moot). Since they had left their homes for that purpose, their martyrdom amounts to martyrdom in the way of Allah *(SWT)*. The Ameer supplicated that may Allah *(SWT)* bestow upon them lofty ranks in paradise and grant forbearance to their bereaved families. *Aameen!* The Ameer said that the passengers, too, must always act cautiously when they are travelling on public transport and avoid the use of inflammable and incendiary materials inside constricted spaces, such as the compartments of a train.

While vehemently condemning the Indian decision to divide Occupied Kashmir into two Union Territories on a permanent basis, the Ameer lamented that while India was adamant on giving permanence to its illegitimate and inhumane laws pertaining to Occupied Kashmir (Jammu, Valley and Ladakh), yet the conscience of the world was, as usual, in stasis. He said that both Pakistan and China had rightly responded by declaring in the United Nations that this illegitimate and unlawful division of Occupied Kashmir was totally unacceptable. The Ameer pointed out that the print media of India had itself condemned the recent visit by a group of anti-Islam and anti-Muslim MPs of the European Union (EU) to Occupied Kashmir on the invitation of PM Modi by commenting that the Modi Regime had invited these far-right and bigoted MPs of the EU to conceal the atrocities and brutalities being perpetrated in Occupied Kashmir – a treacherous plan that had failed miserably yet again. The Ameer said that the Kashmiris and Pakistan still need to do a lot of work for the freedom of Occupied Kashmir to materialize. The Ameer concluded by advising that Pakistan ought to sort out its internal problems as soon as possible so that we could focus on providing assistance to the freedom struggle of Kashmiris with full emphasis.

**Issued by**
**Ayub Baig Mirza**
**MarkaziNazim of Press and Publications Section**
**Tanzeem-e-Islami, Pakistan**